© rasailojaraid.com



# اخبار الوفاق

ادارہ

## ☆ ''قومی ہم آہنگی کانفرنس میں شرکت''

۹ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۰فروری ۲۰۱۳ء بروز بدھ: اسلام آباد میں وفاقی ''وزارت قومی ہم آہنگی حکومت پاکستان'' کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی ''قومی ہم آہنگی کانفرنس'' میں ناظم اعلیٰ صاحب نے شرکت کی اور اپنے خطاب میں فرمایا کہ قیامِ امن کے لیے ضروری ہے کہ عالمی سطح پر ایک ایسا قانون بنایا جائے جس کی رو سے کسی بھی پیغمبر، آسمانی کتاب اور مذہب کی توہین کو قابلِ تعزیر اور قابلِ سزا جرم قرار دیا جائے اور ''امن'' بغیر عدل وانصاف کے ممکن نہیں ہے۔

## ☆ وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کا اجلاس

۱۴، ۱۵ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۵، ۲۶فروری ۲۰۱۳ء بروز پیر اور منگل: جامعہ اشرفیہ لاہور میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلسِ عاملہ کا اجلاس ہوا، جس کی صدارت صدر الوفاق حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم نے کی جبکہ نقابت کے فرائض ناظم اعلیٰ وفاق نے ادا کیے۔ اجلاس میں مختلف امور، بالخصوص دینی مدارس سے متعلقہ بعض اہم مسائل پر گفتگو اور مشاورت کی گئی۔

## ☆ حضرت مولانا محمد یحییٰ کاندھلویؒ کی وفات پر تعزیت

۱۶ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۷فروری ۲۰۱۳ء بروز بدھ: حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے معہد الخلیل کراچی کے بانی ومہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ کے خلیفہ مجاز حضرت مولانا محمد یحییٰ کاندھلویؒ کی وفات حسرت آیات پر مرحوم کے صاحبزادگان سے معہد الخلیل میں تعزیت کی اور مرحوم کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا بعد ازاں محترم جناب حافظ فیروز الدین صاحب کی عیادت کی اور رات کو جامعہ دار العلوم کورنگی کراچی تشریف لے گئے جہاں حضرت اقدس مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم اور شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ سے ملاقات کی۔

## ☆ سفر برطانیہ

۱۷ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۸فروری ۲۰۱۳ء بروز جمعرات: حضرت ناظم اعلیٰ صاحب بمعیت شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ، رابعہ سکول لیوٹن (یو، کے) کی دعوت پر کراچی سے بذریعہ ''الامارات ایئرلائن'' براستہ دبئی، لندن کے لیے تشریف لے گئے، رات ۸ بجے لندن پہنچے تو مولانا محمد زبیر صاحب، مولانا خالد محمود کشمیری صاحب، مفتی امان اللہ صاحب، مولانا عبدالحنان صاحب اور بہت سے علماء کرام نے استقبال کیا بعد ازاں ایئرپورٹ سے سیدھا لیوٹن روانہ ہوگئے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ جامع مسجد "السنۃ" میں خطاب

۱۸ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق یکم مارچ ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک: جامع مسجد "السنۃ" میں شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہم کے خطاب سے پہلے "اسلام میں مسجد کی اہمیت اور فضیلت" کے عنوان پر حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے خطاب فرمایا، یاد رہے کہ رابعہ اسکول کی انتظامیہ نے ایک چرچ خرید کر اسے مسجد "السنۃ" میں تبدیل کیا، اور ابھی یہ مسجد زیر تعمیر ہے۔

بعد از نماز عصر رابعہ گرلز اسکول میں معلمات، اساتذہ کرام اور مختلف اسکولز کی معلمات اور خواتین اسلام سے تعلیم و تربیت کی اہمیت کے حوالہ سے خطاب فرمایا۔

☆ برطانیہ کے علماء سے خطاب

۱۹ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲ مارچ ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ: جامعہ مسجد "السنۃ" لیوٹن میں برطانیہ کے علماء کرام کا اجتماع ہوا، جس میں حضرت ناظم اعلیٰ صاحب زید مجدہم نے "عصر حاضر میں علماء کرام کی ذمہ داریاں" کے عنوان پر خطاب فرمایا، بعد ازاں حضرت شیخ الاسلام زید مجدہم نے "تفقہ فی الدین" کے عنوان پر مفصل اور مدلل خطاب فرمایا۔ بعد نماز مغرب رابعہ اسکول کی سالانہ تقریب منعقد ہوئی، جس میں اسکول سے فارغ ہونے والے حفاظ کرام کی دستار بندی کی گئی، جس میں برطانیہ کے کثیر تعداد میں علماء کرام اور مسلمانوں نے شرکت کی، اس موقع پر حضرت مہتمم صاحب زید مجدہم نے "قرآن کریم کی فضیلت، عظمت و اہمیت"، "مغربی ممالک میں اسلامی اسکولز کی ضرورت و اہمیت" اور "احساس تنہائی اور اس کے علاج" کے عنوانات پر مفصل خطاب فرمایا۔

ناظمِ اعلیٰ صاحب نے "رابعہ سکول" کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور منتظمین کی خواہش پر "وفاق المدارس" سے رابعہ سکول کے شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کا الحاق کیا۔

۲۰ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۳ مارچ ۲۰۱۳ء بروز اتوار: شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد تقی عثمانی زید مجدہم تو پاکستان واپس تشریف لے آئے، جب کہ حضرت ناظم اعلیٰ صاحب "لیوٹن" سے "لیڈز" تشریف لے گئے۔

۲۱ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۴ مارچ ۲۰۱۳ء بروز پیر: حضرت ناظمِ اعلیٰ صاحب نے ہیڈ فیلڈز اور برمنگھم میں علماء کرام اور احباب سے ملاقات کی واپسی پر ساؤتھ آل لندن کی جامع مسجد ابوبکرؓ میں بعد نماز عشاء "اخلاص نیت اور حسنِ نیت" کے عنوان پر مختصر خطاب فرمایا۔

☆ سفر قاہرہ

۲۲ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۵ مارچ ۲۰۱۳ء بروز منگل: لندن سے قاہرہ (مصر) روانہ ہوئے، رات ۸ بجے ائیر پورٹ پر پاکستانی سفارت خانہ کے افسران اور میزبان حضرات بھی استقبال کے لیے موجود تھے۔

☆ مصر کی اہم شخصیات سے ملاقات

۲۳ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۶ مارچ ۲۰۱۳ء بروز بدھ: منظمۃ الصحۃ العالمیۃ (یعنی ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن) کے زیر انتظام منعقدہ ۲ دو روزہ "انسداد پولیو کانفرنس" کے اجلاس میں حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے شرکت کی، بعد ازاں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شیخ الازہر، فضیلۃ الشیخ الدکتور احمد الطیب حفظہ اللہ سے ان کے دفتر میں کانفرنس کے معزز شرکاء کے ساتھ ایک بجے دن ملاقات کی، رات کے وقت پاکستانی سفیر ملاقات کے لیے تشریف لے آئے اور ان سے مختلف موضوعات پر تبادلۂ خیال ہوا۔

۲۴ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۷ مارچ ۲۰۱۳ء بروز جمعرات: ''انسداد پولیو کانفرنس'' کے دوسرے دن اجلاس میں حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے شرکت کی اور پولیو کے قطروں سے متعلق لوگوں کے تحفظات کے حوالہ سے گفتگو فرمائی اور ۲۵ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ بروز جمعۃ المبارک واپس تشریف لے آئے۔

## ☆ اسلام آباد میں ''کتاب بردار مظاہرہ'' میں خطاب

۲۸ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۱ مارچ ۲۰۱۳ء بروز پیر: وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کے سامنے شاہراہ دستور پر ''کتاب بردار پیغام امن'' مظاہرہ ہوا، جس میں راولپنڈی اور اسلام آباد کے مدارس کے طلبہ نے اپنے اساتذہ کرام کی نگرانی میں پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے قرآن کریم اور احادیث مبارکہ کی کتب کی درس گاہیں قائم کیں، اس موقع پر پنجاب کے مختلف شہروں سے علماء کرام اور طلبہ کی ایک بہت بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ ناظم اعلیٰ نے موجودہ ملکی صورتحال، دینی مدارس کے علماء اور طلبہ کی شہادت، ملکِ پاکستان میں پائی جانے والی بدامنی کے اسباب اور دینی مدارس کے کردار و عظمت اور ان کے پیغام امن پر مفصل خطاب فرمایا۔

اُسی روز اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان اور اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان کے مابین'' نصاب سازی، طریقہ کار اور اس کی فکری و نظریاتی بنیادیں'' کے عنوان سے نشست منعقد ہوئی جس میں حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب ناظم اعلیٰ ''وفاق'' نے شرکت کی۔

## ☆ یورپ کے پندرہ روزہ دورہ پر روانگی

یکم جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۳ مارچ ۲۰۱۳ء بروز بدھ: حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم اپنی اہلیہ محترمہ اور صاحبزادہ احمد حنیف کے ہمراہ یورپ کے تین ممالک (ناروے، اسپین اور جرمنی) کے دو ہفتے کے تبلیغی دورے پر لاہور سے روانہ ہوئے اور شام کے وقت اوسلو (ناروے) پہنچے، جہاں مولانا طارق عثمان صاحب نے استقبال کیا، اور جمعرات کے دن ''المرکز الثقافیۃ الاسلامی'' اوسلو میں نماز مغرب کے بعد حضرت مولانا عبدالمالک صاحب اور قاری محبوب الرحمٰن صاحب سے ملاقات کی اور مختلف موضوعات پر اظہار خیال فرمایا۔

## ☆ مختلف موضوعات پر خطاب

۳ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۵ مارچ ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک: حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے جامع مسجد سول ملیا اوسلو میں نماز جمعۃ المبارک سے پہلے ''مغرب میں رہنے والے مسلمانوں کی ذمہ داریوں'' کے حوالہ سے خطاب فرمایا، اور اسی روز حضرت مولانا قاری بشیر احمد صاحب اور حضرت مولانا طارق عثمان کی دعوت پر دار العلوم اوسلو میں بعد نماز مغرب ایک عظیم الشان اجتماع سے خطاب فرمایا اور دار العلوم سے فارغ ہونے والے طلبہ کی دستار بندی کی۔

۴ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۶ مارچ ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ: اوسلو سے سپین کے شہر ''بارسلونا'' تشریف لے گئے،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وہاں سے ''تاراغونا'' تشریف لے گئے، جہاں حضرت مولانا سید جمال بادشاہ صاحب کے والد ماجد سے ملاقات کی اور وہیں قیام رہا، اس سفر میں آپ کی رفاقت کے لیے برمنگھم (برطانیہ) سے بھائی شکیل صاحب خصوصی طور پر تشریف لائے تھے اور ائیر پورٹ پر انہوں نے محترم عجائب شاہ صاحب کے ہمراہ حضرت صاحب زید مجدہم کا استقبال کیا۔

☆ قرطبہ کے تاریخی مقامات کی زیارت

۵/جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۷/مارچ ۲۰۱۳ء بروز اتوار: محترم جناب سید عجائب شاہ صاحب اور محترم شکیل صاحب کے ہمراہ بذریعہ روڈ قرطبہ روانہ ہوئے اور پیر کے دن جامع مسجد قرطبہ پہنچے اور وہاں تاریخی مقامات کی زیارت کی اور رات وہیں قیام کیا۔

۷/جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۹/مارچ ۲۰۱۳ء بروز منگل: قرطبہ میں مدینۃ الزہراء کی زیارت کی، اس کے علاوہ اس تاریخی اور قدیمی شہر (قرطبہ) کے تاریخی مقامات کا معائنہ کیا، بعد ازاں غرناطہ روانہ ہوئے اور تین بجے ''القصر الحمراء'' پہنچے، تین چار گھنٹے یہاں قیام رہا، پھر واپس ''تاراغونا'' روانہ ہو گئے۔

☆ جرمنی روانگی

۸/جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۰/مارچ ۲۰۱۳ء بروز بدھ: تاراغونا سے جرمنی روانہ ہو گئے اور رات ۹ بجے فرنکفرٹ (جرمنی) پہنچے جہاں مفتی محمد احمد صاحب، محترم ارشد بٹ صاحب اور پاکستانی قونصلیٹ اور دیگر ارکان نے استقبال کیا۔

☆ نماز جمعہ اور سیرۃ النبی ﷺ کانفرنس سے خطاب

۱۰/جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۲/مارچ ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک: جامع مسجد توحید میں حضرت مولانا مفتی محمد احمد صاحب کی دعوت پر نماز جمعہ سے پہلے خطاب کیا۔

۱۱/جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۳/مارچ ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ: جامع مسجد توحید میں سیرۃ النبی ﷺ کانفرنس میں شرکت کی، بعد نماز عصر حضرت ناظم اعلیٰ صاحب کی اہلیہ محترمہ نے خواتین سے خطاب کیا اور بعد نماز مغرب پہلے عزیزم حافظ احمد حنیف سلمہ نے اور بعد ازاں حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے مفصل خطاب کیا۔

۱۲/جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۴/مارچ ۲۰۱۳ء بروز اتوار: فرنکفرٹ سے قریبی شہر ''منہائیم'' میں سیرۃ النبی ﷺ کے ایک جلسہ سے خطاب کیا اور بعد نماز ظہر مقامی مسلمانوں سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

۱۳/جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۵/مارچ ۲۰۱۳ء بروز پیر: فرنکفرٹ (جرمنی) میں پاکستان کے قونصل جنرل سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور پاکستان اور جرمنی کے باہمی تعلقات اور دیگر امور پر گفتگو کی۔

۱۴/جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۶/مارچ ۲۰۱۳ء بروز منگل: فرنکفرٹ سے واپس اسلام آباد کے لیے روانگی ہوئی، اس طرح یہ سفر مکمل ہوا۔

☆ مظفر آباد میں ''امن سیمینار'' سے خطاب

۱۵/جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۷/مارچ ۲۰۱۳ء بروز بدھ: حضرت ناظم اعلیٰ صاحب اسلام آباد سے مظفر آباد (آزاد کشمیر) روانہ ہوئے جہاں منعقدہ ''امن سیمینار'' سے خطاب کیا اور شام کو واپس اسلام آباد تشریف لے آئے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

### ☆ سالانہ جلسہ سے خطاب

۱۷ر جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۹ر مارچ ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک: مولانا قاری محمد میاں صاحب (مہتمم جامعہ سراج العلوم لودھراں) اور مولانا مرید احمد صدیقی کی دعوت پر جامعہ سراج العلوم کے سالانہ جلسہ کے موقع پر بعد نماز عشاء خطاب فرمایا۔

### ☆ اسلام زندہ باد کانفرنس لاہور میں شرکت

۱۹ر جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ مطابق ۳۱ر مارچ ۲۰۱۳ء بروز اتوار: جمعیت علماء اسلام پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ ''اسلام زندہ باد کانفرنس'' لاہور میں قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب زید مجدہم کی دعوت پر شرکت کی اور خطاب فرمایا، اسی روز دن گیارہ بجے جامعۃ الخیر جوہر ٹاؤن لاہور میں فارغ ہونے والے طلبہ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں ''مسلمان والدین کی ذمہ داریاں'' کے عنوان پر خطاب کیا اور کامیاب طلبہ کی دستار بندی کی۔

### ☆ جلسہ ہائے سیرت حمد ونعت میں شرکت وخطاب

۲۳ر جمادی الاولی ۱۴۳۴ھ ۴ر اپریل ۲۰۱۳ء بروز جمعرات: حضرت مولانا محمد خان شیرانی صاحب (چیئر مین اسلامی نظریاتی کونسل) سے ملتان ائیر پورٹ پر ملاقات کی اور بعد ازاں حضرت مولانا محمد یحیٰی عباسی کی دعوت پر جتوئی (مظفر گڑھ) روانہ ہو گئے اور سالانہ ''محفلِ حمد ونعت'' سے بعد نماز ظہر خطاب کیا اور بعد نماز عصر جامعہ مدنیہ سلطان العلوم کوٹلہ رحم علی شاہ میں حضرت مولانا خدا بخش صاحب کی دعوت پر مدرسہ کا معائنہ کیا، بعد نماز عشاء حاجی کیمپ / قلعہ کہنہ قاسم باغ ملتان میں سالانہ حسنِ قراءت ومحفلِ حمد ونعت کی صدارت کی اور خطاب بھی فرمایا۔

### ☆ وفاق المدارس کی امتحانی کمیٹی کا اجلاس

۱۶ر جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۷ر اپریل ۲۰۱۳ء بروز بدھ: دفتر وفاق المدارس میں شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم کی زیرِ صدارت امتحانی کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں امتحانی امور اور مارکنگ کے حوالے سے امتحانی کمیٹی کی آراء وتجاویز سامنے آئیں جس کے نتیجہ میں اہم فیصلے کیے گئے۔ نیز سہ روزہ عالمی اجتماع کی بابت حضرت صدر صاحب زید مجدہم نے حضرت ناظم اعلیٰ صاحب کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے فرمایا ''بہت مبارک ارادہ ہے اگر تمام احباب باہمی رابطہ کے ساتھ یکسو ہو کر کام کریں گے تو اِنشاء اللہ اس اجتماع میں تاریخ ساز کامیابی ہوگی''

### ☆ وفاق المدارس کے مسئوولین حضرات کا اجلاس

۱۷ر جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۸ر اپریل ۲۰۱۳ء بروز جمعرات: جامعہ خیر المدارس ملتان میں حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب کی زیرِ صدارت مسئوولین حضرات کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے مسئوولین حضرات کو امتحانی نظم وضبط وطریق کار سے تفصیلاً آگاہ کیا۔ ملک بھر سے تشریف لائے ہوئے ''وفاق'' کے مسئوولین نے سالانہ امتحانات، اور مجوزہ ''عالمی اجتماع'' کے سلسلہ میں اپنی تجاویز دیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی امتحانی کمیٹی کے اجلاس

## منعقدہ 6 جمادی الاخریٰ 1434ھ مطابق 17 اپریل 2013ء کے اہم فیصلے

☆ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی امتحانی کمیٹی اور خصوصی مندوبین کا مشترکہ اجلاس 6 رجمادی الاخریٰ 1434ھ مطابق 17 راپریل 2013ء بروز بدھ صبح 9 بجے مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان زیر صدارت صدر وفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ منعقد ہوا۔

حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم ناظم اعلیٰ وفاق المدارس نے اس اجلاس کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا قیام 1959ء میں عمل میں آیا۔ جبکہ امتحانی سلسلہ 1960ء میں شروع کیا گیا۔ اس وقت وفاق المدارس کو قائم ہوئے تقریباً 55 سال گزر چکے ہیں۔ فروری میں جامعہ اشرفیہ لاہور میں منعقد ہونے والے مجلس عاملہ کے اجلاس میں 50 سالہ خدمات وفاق المدارس اجتماع منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ اجتماع 21، 22، 23 مارچ 2014ء کو اسلام آباد میں ہوگا۔ اس فیصلہ پر عمل درآمد کے لئے امتحانی کمیٹی کے اجلاس میں بعض خصوصی مندوبین بھی مدعو کئے گئے تاکہ اس عظیم الشان اجتماع کے انتظامات کے لئے جائزہ لیا جاسکے۔ یہ اجتماع پاکستان کی تاریخ کا ایک بڑا اور تاریخی اجتماع ہوگا ان شاء اللہ! اس اجتماع کے چند اہم مقاصد درج ذیل ہیں۔

☆ پاکستان کے مدارس اور جامعات کی علمی اور دینی خدمات کو اُجاگر کرنا۔

☆ عالمی سطح پر وفاق کی دینی اور اسلامی خدمات کو اُجاگر کرنا۔

☆ دینی مدارس کے خلاف جو بے بنیاد پروپیگنڈہ اور منفی مہم جاری ہے اس کو بے نقاب کرنا۔

☆ مدارس کے پیغام امن اور اسلام کے پیغام محبت کو اُجاگر کرنا۔

☆ اسلام پر ہونے والے اعتراضات کا موثر جواب دینا۔

☆ وفاق المدارس اور دینی مدارس کی خدمات کو یکجا مرتب کرنا اور انہیں شائع کرنا۔

☆ وفاق اور دینی مدارس کی ان تمام خدمات کو یکجا مرتب کرنے سے دینی مدارس اور وفاق کی ایک تاریخ بھی مرتب ہوجائے گی۔

اس اجتماع میں دنیا بھر سے ممتاز علماء، مفکرین، شیوخ حدیث اور علمی شخصیات کو مدعو کیا جائے گا۔ جس میں اکابرینؒ سے ملاقات اور زیارت کے مواقع میسر ہوں گے۔ اس موقع پر مدارس میں تین دن کی عام تعطیلات کا بھی اعلان کیا جائے گا۔

اسلام آباد میں اجتماع کے انتظامات کے لئے درج ذیل کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔

(۱) مرکزی کمیٹی: جس کے سرپرست حضرت صدر وفاق اور حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مدظلہم ہونگے۔ ملک بھر سے جید علماء پر مشتمل یہ کمیٹی اجتماع سے متعلق جملہ امور کی نگرانی کرے گی۔

(۲) اسلام آباد میں انتظامات کی کمیٹی: اس کے سربراہ حضرت مولانا قاضی عبدالرشید صاحب ہونگے۔ یہ کمیٹی اجتماع سے متعلق اسلام آباد میں انتظامات کی ذمہ دار اور خود مختار ہوگی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(۳) میڈیا کمیٹی: اس کے سربراہ حضرت مولانا زاہد الراشدی صاحب ہیں۔ یہ کمیٹی الیکٹرونک اور پرنٹ میڈیا میں وفاق کے اس پروگرام کی تشہیر کرے گی۔

(۴) مالیاتی کمیٹی: یہ کمیٹی اجتماع سے متعلق مالیات کی ذمہ دار ہے۔

بیرون ممالک میں مقیم "فضلاء وفاق" سے رابطہ کے لئے بھی مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔

☆ امسال وفاق المدارس کے تحت درجہ کتب کے سالانہ امتحانات 8 جون 2013ء مطابق 28 رجب 1434ھ بروز ہفتہ تا جمعرات جبکہ حفظ کے امتحانات 16 رجب تا 26 رجب 1434ھ مطابق 27 مئی تا 6 جون 2013ء بروز پیر تا جمعرات منعقد ہوں گے۔

☆ تجوید للعلماء و تجوید للحفاظ کے پرچوں کی ترتیب کے بارے میں فیصلہ کیا گیا کہ پہلے چار دن تحریری امتحان ہوگا جبکہ آخری دو دن حدر اور ترتیل کا تقریری امتحان ہوگا۔

☆ ثانویہ عامہ کی طالبات سے امسال حفظ و حدر کا امتحان نہیں لیا جائے گا۔ بلکہ مکمل نمبر تجوید کے سوال کے ہوں گے۔ جبکہ آئندہ ثانویہ عامہ بنات حفظ و حدر کے امتحان کے بارے میں مفتیان کرام کی رائے موصول ہونے کے بعد فیصلہ کیا جائے گا۔

☆ سالانہ امتحانات کی جوابی کاپیوں کی مارکنگ کے لئے ممتحنین کے تقرر کا معیار مقرر کیا گیا ہے۔ جس کے مطابق متعلقہ مدرسہ کی طرف سے درجہ کتب کے داخلہ کی تعداد، مدرس کا عرصہ تدریس، وفاقی پرچوں کی مارکنگ کا تجربہ، علمی استعداد اور عصری تعلیم کو پیش نظر رکھا جائے گا۔


**مساجد ومدارس کے منتظمین حضرات**

متوجہ ہوں ہر قسم کے خراب واٹر کولر (پانی ٹھنڈا کرنے کی مشین)

اچھی قیمت پر فروخت کرنے کے لیے رابطہ کریں۔

نیز پرانے فریج، ڈیپ فریزر بھی خریدے جاتے ہیں

رابطہ : 0332-8839450

اوقات کار : صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک

ایڈریس: 5-E4 کمرشل ایریا شاپ نمبر 9 ناظم آباد کراچی




© rasailojaraid.com